ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((693

03-11-2022

# بہاولپور( )پولیس انفارمیشن ٹیکنالوجی برانچ کی طرف ماہ اکتوبر 2022 میں ای گیجٹ ایپ کی مدد سے چوری اور چھینے گئے لاکھوں روپے مالیت کے 82 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے۔جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچانا ہمارا عزم ہے۔ڈی پی او عبادت نثار

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ ماہ اکتوبر 2022 میں بہاولپور پولیس نے ای گیجٹ کی مدد سے لاکھوں روپے مالیت کے 109 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے۔ پنجاب پولیس کے ای گیجٹ ایپ کا استعمال موثر ثابت ہو رہا ہے ۔موبائل فون چوری یا چھین لیا جائے تو اس کو اب آسانی سے ریکور کیا جا سکتا ہے۔ پنجاب پولیس نے ای گیجٹ نام کی موبائل ایپ متعارف کرائی ہے جسے آسانی سے پلے سٹور سے مفت ڈان کیا جا سکتا ہے، جس کے بعد کوئی بھی دکاندار اس کی مدد سے باآسانی جان سکے گا کہ اس کے پاس موجود موبائل فون جو کہ فروخت کرنے کیلئے آیا ہے کسی واردات میں ملوث یا چوری کا تو نہیں ہے جس بابت خدشہ ہونے یا یا علم ہونے کی صورت میں فوری متعلقہ پولیس کو اطلاع دی جاتی ہے دور حاضر میں پولیس کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے کئی وارداتیں ٹریس کی جا رہی ہیں جو کہ معاشرے میں پولیس کے وقار کو مزید بلند کر رہا ہے

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور: پولیس ای گیجٹ ایپ کی مدد سے چوری اور چھینے گئے لاکھوں روپے مالیت کے 82 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((694

03-11-2022

**بہاول پور() پولیس کی منشیات فروشوں اورغیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں،متعدد ملزمان گرفتار،05عدد پسٹل 30بوراور بھاری مقدار میں منشیات برآمد،مقدمات درج،جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کے لیے کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کرنے کے لیے یہ جنگ جاری ہے،ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب فیصل شاہکار اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس عبادت نثار کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس نے منشیات فروشوں اورغیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد دملزمان کو گرفتارر کر کے ان کے قبضہ سے منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا۔کاروائیوں میں پولیس تھانہ چنی گوٹھ ،سمہ سٹہ، ہیڈ راجکاں،سٹی حاصلپور اور قائمپور نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان شہزاد، رمضان، نعیم ارشد، عمران اور سلیم کو گرفتار کرلیا،جن کے قبضہ سے 05عدد پسٹل 30بور برآمد کر لیے، پولیس تھانہ دھوڑ کوٹ اور سٹی حاصلپور نے شراب فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان قیصر شاہ اور اللہ رکھا سے 95لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی، پولیس تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ اور سٹی یزمان نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان راول اور عبدالمالک 750 گرام سے زائد چرس برآمد کرلی ۔جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کے لیے اسی طرح مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کرنے کے لیے یہ جنگ جاری ہے،ان خیالات کا اظہار ڈی پی او عبادت نثار نے ضلع کے ایس ایچ اوز کو جاری ہدایات کے دوران کیا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور() پولیس کی منشیات فروشوں اورغیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں،متعدد ملزمان گرفتار،مقدمات درج

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((695

03-11-2022

**بہاولپور()ڈی پی اوعبادت نثار کا شہریوں کی طرف سے ایمرجنسی کی صورت میں پکار 15 کی کالز پر فوری ریسپانس کرنے کی ہدایت،تمام شہریوں کی سیکیورٹی ہمارے لیے یکساں ہیں،ان کی جان ومال کی حفاظت ہمارا ولین فرض ہے۔شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں،سستی ولاپرواہی ہرگز برداشت نہیں،ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب فیصل شاہکار کے احکامات کی روشنی میں شہریوں کی طرف سے ایمرجنسی کی صورت میں پکار 15 کی کالز پر فوری ریسپانس کرنے کی ہدایت جاری کیں۔پکار 15 پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈ اور 24/7 ایکٹیو ہے۔شہری ایمرجنسی صورتحال میں پکار 15 پر اطلاع دیتے ہیں،جس پر پولیس کی طرف سے فوری ریسپانس ہونا چاہیے۔متعلقہ پولیس کی طرف سے بروقت رسپانس نہ ہونے پر وارداتوں کے وقوع پذیر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں،انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر میں پکار 15 کو موصول ہونے والی ٹیلی فون کالز،ان کا متعلقہ پولیس کو اطلاع دینا اور متعلقہ پولیس کے رسپانس تک کے تمام عمل کو مانیٹر کیا جا رہا ہے۔غفلت ولاپرواہی ہرگز برداشت نہیں،عوام کے دکھوں کا مداوا کرنے کے ساتھ ساتھ پبلک سروس ڈیلیوری کو بہتر بنایا جائے۔شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور()ڈی پی اوعبادت نثار کا شہریوں کی طرف سے ایمرجنسی کی صورت میں پکار 15 کی کالز پر فوری ریسپانس کرنے کی ہدایت